
# ایک تہائی سے زائد (34%) پاکستانی اپنے گھرانے کے مالی حالات بہتر ہونے کی توقع رکھتے ہیں، جبکہ ہر 4 میں سے 1 (26%) پاکستانی اگلے چھ ماہ میں اپنے مالی حالات مزید خراب ہونے کی توقع رکھتے ہیں ۔




معلوم نہیں/ جواب نہیں دیا :19%

آپ کے خیال میں آج سے چھ ماہ بعد آپ اور آپ کے گھر والوں کے مالی حالات کیسے ہوں گے ؟



Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**معیشت**

عمومی

## ایک تہائی سے زائد (34%) پاکستانی اپنے گھرانے کے مالی حالات بہتر ہونے کی توقع رکھتے ہیں، جبکہ ہر 4 میں سے 1 (26%) پاکستانی اگلے چھ ماہ میں اپنے مالی حالات مزید خراب ہونے کی توقع رکھتے ہیں۔

**(گیلپ & گیلانی پاکستان اور ڈن اینڈ بریڈ اسٹریٹ پاکستان)**


(اسلام آباد، 10 جولائی 2025)

گیلپ & گیلانی پاکستان اور ڈن اینڈ بریڈ اسٹریٹ پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ایک تہائی سے زائد (34%) پاکستانی اپنے گھرانے کے مالی حالات بہتر ہونے کی توقع رکھتے ہیں، جبکہ ہر 4 میں سے 1 (26%) پاکستانی اگلے چھ ماہ میں اپنے مالی حالات مزید خراب ہونے کی توقع رکھتے ہیں۔

کنزیومر کنفیڈنس انڈیکس Q4 2024 کی مکمل رپورٹ ملاحظہ کرنے کیلئے، برائے مہربانی اس لنک پر کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"آپ کے خیال میں آج سے چھ ماہ بعد آپ اور آپ کے گھر والوں کے مالی حالات کیسے ہوں گے ؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 3% جوابدہندگان کے مطابق آج سے چھ ماہ بعد اُن کے گھر والوں کے مالی حالات بہت بہتر ہوں گے، 31% جوابدہندگان کے مطابق بہتر ہوں گے، 21% جوابدہندگان کے مطابق ایسے ہی رہیں گے، 18% جوابدہندگان کے مطابق بدتر ہوں گے، جبکہ 8% جوابدہندگان کے مطابق آج سے چھ ماہ بعد اُن کے گھر والوں کے مالی حالات بہت بدتر ہوں گے، تاہم 19% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"آپ کے خیال میں آج سے چھ ماہ بعد آپ اور آپ کے گھر والوں کے مالی حالات کیسے ہوں گے ؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan and Dun & Bradstreet Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

ڈن اینڈ بریڈ اسٹریٹ پاکستان کا یہ حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1590 خواتین اور مرد حضرات سے اپریل تا مئی 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

# گزشتہ سالوں کے نتائج

کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس کے مطابق، مالی سال 2024-25 کی دوسری سہ ماہی رپورٹ (ویو-17) اور مالی سال 2025 کی چوتھی سہ ماہی رپورٹ (ویو-18) کے نتائج کے درمیان پاکستان میں صارفین کی رائے میں کچھ بہتری دیکھنے میں آئی ہے۔ وہ افراد جو اپنے مالی حالات بہتر ہونے کی توقع رکھتے ہیں، اُن کی شرح 27% سے بڑھ کر 31% ہو گئی ہے۔ جبکہ وہ افراد جو سمجھتے ہیں کہ اُن کے مالی حالات خراب ہوں گے، اُن افراد کی شرح 20% سے کم ہو کر 18% رہ گئی ہے۔ تاہم، وہ افراد جو بہت زیادہ بہتری کی امید رکھتے تھے، اُن افراد کی شرح 5% سے کم ہو کر 3% رہ گئی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ 19% افراد اب بھی حالات بہتر یا بدتر ہونے کے حوالے سے کچھ نہیں کہہ سکے (معلوم نہیں/جواب نہیں دیا)، جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ عوام مالی حالات کے بارے میں تاحال غیر یقینی کا شکار ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan and Dun & Bradstreet Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 10 July 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan
(1980-2025)